© rasailojaraid.com


کے ساتھ ساتھ اس دور کے کلچر اور تمدن کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ صفحات ۲۸۰' ملنے کا پتہ: ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان

## رونق محفل

مدرسہ مظہر العلوم شوندت میرٹھ یوپی (انڈیا) کے مہتمم حضرت مولانا قاری امیر احمد صاحب نے مختلف دینی عنوانات پر مکالمات کے انداز میں مفید معلومات جمع کر دی ہیں اور مسائل کو آسان انداز میں سمجھانے کی کوشش کی ہے۔ صفحات ۱۵۰' ملنے کا پتہ: طیب اکیڈمی' بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

## بخاری شریف غیر مقلدین کی نظر میں

برادر عزیز مولانا حافظ عبد القدوس قارن سلمہ مدرس مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ نے اس رسالہ میں احادیث نبویہ علی صاحبہا التحیہ والسلام کے مستند ترین مجموعہ "الجامع الصحیح للبخاری" کے بارے میں غیر مقلدین کے اعتراضات اور امام بخاریؒ سے مختلف مسائل میں ان کے اختلافات کا باحوالہ تذکرہ کیا ہے اور یہ واضح کیا ہے کہ غیر مقلدین کی طرف سے احناف پر بخاری شریف کی کچھ احادیث پر عمل نہ کرنے کا جو الزام عائد کیا جاتا ہے' وہ خود بعض دیگر مسائل میں اس کے مرتکب ہیں اور علمی وفقہی مسائل میں یہ کوئی اچنبھے کی بات نہیں ہے۔ ان مسائل میں صحیح طرز عمل یہ ہے کہ علمی اختلاف کو خوش دلی کے ساتھ قبول کیا جائے اور ایک دوسرے کے خلاف فتویٰ بازی سے گریز کیا جائے۔ ۶۸ صفحات کے اس رسالہ کی قیمت اٹھارہ روپے ہے اور اسے عمر اکیڈمی نزد گھنٹہ گھر گوجرانوالہ سے طلب کیا جا سکتا ہے۔

## شرح اسماء اللہ الحسنیٰ

اسلامیہ کالج لاہور کے سابق استاذ اور ممتاز محقق حضرت مولانا اصغر علی روحی نے اللہ تعالیٰ کے اسماء گرامی کی تشریح اور ان کے خواص کے بارے میں اس کتاب میں مفید معلومات جمع فرما دی ہیں اور اس کے ساتھ حضرت تھانویؒ کا رسالہ "خواص اسماء" بھی شامل کر دیا گیا ہے۔ صفحات ۳۴۰' ملنے کا پتہ: ادارہ تالیفات اشرفیہ' ملتان

## ماہنامہ الاشرف (قرآن نمبر)

جامعہ اشرفیہ سکھر کے ترجمان ماہنامہ "الاشرف" نے قرآن نمبر کے نام سے ایک خصوصی اشاعت پیش کی ہے جس میں متعدد اہل قلم کی منتخب نگارشات شامل ہیں۔ صفحات

© rasailojaraid.com